# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 10-06-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 06-07-2026 | مشق نمبر 1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر 3 | 31-07-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-08-2026 | مشق نمبر 2 | 20-08-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: روزمرہ اُردو (204) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: میٹرک

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال 1: (الف) ذیل میں دیے گئے سوالات کے مختصر مگر با معنی جوابات تحریر کیجیے۔ (5×2=10)

1۔ سبق ''رسولِ خدا ﷺ کے اخلاق'' کی روشنی میں درج ذیل جملے کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کریں:

''وہی صحن تھا جہاں قریش کے تمام سردار مغلوب اور بے بس کھڑے تھے۔''

2۔ دوسری جنگِ عظیم کے آغاز اور اختتام کے سنین تحریر کریں۔

3۔ علامہ محمد اقبال نے خط کتابت کے ذریعے قائداعظم محمد علی جناح کو کس نظریے کی طرف متوجہ کیا؟

4۔ سبق ''حفظانِ صحت'' کے مطابق کن عادات یا اشیا سے بینائی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے؟

5۔ سبق ''حفظانِ صحت'' کے مطابق ورزش انسانی جسم اور صحت پر کیا اثرات ڈالتی ہے؟

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کو نئے اور با معنی جملوں میں استعمال کریں۔ (10)

ایثار، تصدیق، خشیت، طوق، منصب

سوال 2: سبق ''رسولِ خدا ﷺ کے اخلاق'' کی مدد سے واضح کریں کہ حضور اکرم ﷺ نے ازدواجی اور خاندانی حقوق کو کس اسلوب سے بیان فرمایا؟ تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال 3: قیامِ پاکستان سے پہلے برصغیر میں کن اقوام اور سلطنتوں نے حکومت کی؟ تقسیمِ ہند سے قبل کے سیاسی حالات اور کشمکش کو وضاحت سے بیان کریں۔ (20)

سوال 4: حفظانِ صحت کے اصولوں کے تناظر میں ورزش اور مناسب لباس کی افادیت پر ایک جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال 5: مندرجہ ذیل اقتباس کی سیاق و سباق کے ساتھ تشریح کریں۔ (20)

''سر سید احمد خان اگرچہ مسلمانوں کے رہبر تھے، لیکن وہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے دیرینہ اختلافات کے باوجود یہ خواہش رکھتے تھے کہ دونوں قومیں باہم مل جل کر زندگی گزاریں اور ترقی کریں۔ تاہم حالات نے ان کی اس خواہش کو حقیقت نہ بننے دیا۔ اردو زبان دونوں قوموں کی مشترکہ کاوشوں سے پروان چڑھی، لیکن جب سر سید نے اردو کے خلاف ہندوؤں کے متعصبانہ رویے کو محسوس کیا تو وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ دونوں قومیں نہ ایک ساتھ رہ سکتی ہیں اور نہ یکساں ترقی کر سکتی ہیں۔''

# امتحانی مشق نمبر 2

کامیابی کے نمبر:40 | کل نمبر:100

سوال 1: 'مکالمہ' کی وضاحت کریں اور یہ بھی واضح کریں کہ مکالمہ اور مکالمہ نویسی میں بنیادی فرق کیا ہے؟ (20)

سوال 2: ایک مؤثر اور دلچسپ مکالمہ کن اوصاف کا حامل ہوتا ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال 3: مہنگائی کے مسئلے پر دو طلبہ کے درمیان ایک جامع اور بامقصد مکالمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال 4: ٹریفک قوانین کی پابندی کے موضوع پر ایک شہری اور ٹریفک انسپکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال 5: (الف) درج ذیل الفاظ کو نئے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مفہوم نمایاں ہو جائے۔ (10)

قربت، جنجال، حسنِ اتفاق، مانوسیت، خراش

(ب) سبق کی روشنی میں وضاحت کریں کہ ٹیلی فون پر گفتگو کا سلیقہ کیسا ہونا چاہیے؟ اسی موضوع پر ایک نمونہ مکالمہ تحریر کریں۔ (10)

# امتحانی مشق نمبر 3

کامیابی کے نمبر:40 | کل نمبر:100

سوال 1: اپنے ماموں کے نام ایک خط تحریر کریں جس میں آپ انہیں گرمیوں کی تعطیلات اپنے ساتھ گزارنے کی دعوت دیں۔ (20)

سوال 2: دعوت نامے اور خط کے درمیان فرق بیان کریں، نیز اپنے اسکول میں منعقد ہونے والی قائدِ اعظم کی تقریب کے لیے ایک بامقصد دعوت نامہ تحریر کریں۔ (20)

سوال 3: خط نویسی میں القاب و آداب اور اختتامی کلمات کی اہمیت بیان کریں اور بتائیں کہ انہیں کس طرح تحریر کرنا چاہیے۔ (20)

سوال 4: اپنے محلے میں صفائی کی خراب صورتِ حال کے بارے میں افسرِ صحت کے نام ایک مؤثر درخواست تحریر کریں۔ (20)

سوال 5: (الف) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں تاکہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔ (10)

اندیشہ، ارسال، منسلک، اسناد، تجدیدی، مکتب، استعداد، ممنون، کوائف، تلافی

(ب) درج ذیل الفاظ کے واحد لکھیں۔ (10)

جذبات، القاب، تقاریب، تفاصیل، حادثات، خطوط، آداب، خیالات، خطابات، علامات

# امتحانی مشق نمبر 4

کل نمبر: 100      کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: لوک کہانی کی تعریف کریں اور یہ واضح کریں کہ لوک کہانی عام کہانی سے کن پہلوؤں میں مختلف ہوتی ہے؟ (20)

سوال 2: لوک کہانیاں ''عمر ماروی'' اور ''غریب کسان'' اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ (2×10=20)

سوال 3: سبق ''پاکستان میں شادی کے رسم و رواج'' کی روشنی میں 'نسبت طے ہونے' کا مفہوم بیان کریں۔ (20)

سوال 4: مندرجہ ذیل نظم کی تشریح کریں اور شاعر کا نام تحریر کریں۔ (20)

اس قید کا الٰہی دکھڑا کسے سناؤں
ڈر ہے یہیں قفس میں میں غم سے مر نہ جاؤں
جب سے چمن چھٹا ہے یہ حال ہو گیا ہے
دل غم کو کھا رہا ہے غم دل کو کھا رہا ہے
گانا اسے سمجھ کر خوش ہوں نہ سننے والے
دکھتے ہوئے دلوں کی فریاد یہ صدا ہے
آزاد مجھ کو کر دے او قید کرنے والے
میں بے زباں ہوں قیدی تو چھوڑ کر دعا لے!

سوال 5: مندرجہ ذیل رسموں کی مختصر مگر با معنی وضاحت کریں۔ (2×5=20)

ساچق، منگنی